آیاتِ شفاء

الحاج مولانا عبدالرحیم پاریکھ صاحب مدظلہ

فرید بُک ڈپو (پرائیویٹ) لمٹیڈ
۴۲۲ مٹیامحل اردومارکیٹ جامع مسجد دھلی ۱۱۰۰۰۶
فون آفس : ۳۲۷۹۹۹۸ ۳۲۶۵۳۰۶ رہائش : ۳۲۶۲۴۸۶

عبدالہادی اعظمی ندوی

آیاتِ شفاء

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ
مَاهُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
17 بنی اسرائیل - آیت 82

مُرتّبہ

حضرت مولانا عبدُالکریم پاریکھ ناگپور8، انڈیا

ناشر

فرید بُک ڈپو (پرائیویٹ) لمیٹڈ

۴۲۲ مٹیامحل اردو مارکیٹ جامع مسجد دھلی ۱۱۰۰۰۶
فون آفس، ۳۲۷۹۹۹۸ ۳۲۶۵۳۰۶ رہائش: ۳۲۶۲۳۸۶

1۔ کتابُ اللہ میں بیماری کی شفاء کے لئے آیات موجود ہیں۔

2۔ بیماری میں قُرآن مجید کی آیات کا سہارا حاصل کرو۔

3۔ تندرستی حاصل کرنے میں اللہ کی آیات پر یقین رکھیے۔

4۔ کلامُ اللہ کی آیات سے روگی چنگے ہوتے ہیں۔

5۔ اللہ کے کلام میں شفاء ہے۔

6۔ اللہ کی رحمت سے نااُمید ہرگز نہ ہوں۔

7۔ مرض سے پہلے تندرستی کی قدر کرنی چاہیے۔

8۔ بیماری کی نسبت ہماری طرف اور شفاء کی نسبت اللہ کی طرف ہے۔

9۔ ظاہر اور باطن سب بیماریوں کی کتابِ مُبین میں شفا ہے۔

10۔ اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء کاملہ، عاجلہ، مستقلہ نصیب فرمائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

آیاتِ شِفاء

مکمل "سُورۂ فاتحہ" بسم اللہ کے ساتھ پہلے پڑھیں

1۔ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ۝ (9 - التوبہ آیۃ 14)

اور ایمان والی قوم کے سینوں کو اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمائے گا۔

2. يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

اے انسانو! تمہارے پاس ایک نصیحت نامہ تمہارے رب کی طرف سے آچکا ہے اور سینوں کی تمام بیماریوں کا علاج بھی اسی میں ہے۔ جو ایمان لائیں گے ہدایت کا راستہ ان کو مل جائے گا ساتھ

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○

(10-یونس آیت 57)

ہی ساتھ اللہ کی رحمت بھی پالیں گے۔

3. يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط

(16-النحل 69)

شہد کی مکھی کے پیٹ سے پینے کی چیز (یعنی شہد) نکلتا ہے (اللہ کے حکم سے) جس کے رنگ الگ الگ ہوتے ہیں اور اس میں انسانوں کیلئے شفاء ہے

4. وَنُنَزِّلُ مِنَ — اور ہم اُتارتے ہیں

الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ — قرآن جس میں شفاء

شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ — ہے اور رحمت ہے

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لا — ایمان والوں کے لئے

(17 بنی اسرائیل آیت 82)

---

5. وَاِذَا مَرِضْتُ — اور جب میں بیمار

فَهُوَ يَشْفِيْنِ ○ — پڑوں تب وہی مجھے

(26۔ الشعرآء 80) — شفاء عطا فرماتا ہے

6. قُلْ هُوَ — اے نبیؐ! آپ فرمادو

لِلَّذِيْنَ — کہ یہ قرآن ایمان والوں

اٰمَنُوْا هُدًى — کے لئے راہ ہدایت ہے

وَّشِفَآءٌ ط — اور بیماریوں میں شفاء

(41۔ حٰمٓ السجدة 44) — بھی ہے۔

فائدے

1 گُردے کی پتھری

2 معدے (پِتّے) کی پتھریاں

3. پیشاب کے نظام میں گڑبڑی ہو یا آپریشن کی نوبت ہو۔

4. یا اللہ نہ کرے کوئی اور بیماری ہو۔

5. ایسی صورت میں ایک سفید بوتل میں صاف سُتھرا پانی بھر کر اگر موجود ہو تو اس میں تھوڑا سا زمزم ملالیں۔ پھر اُوپر درج شدہ "آیاتِ شفاء"

بغیر ترجمہ کے اکتالیس 41 بار اوّل و آخر درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

پڑھ کر بوتل کے پانی میں دم کرلیں۔ پھر اس بوتل کے پانی کو تھوڑا تھوڑا مسلسل اکتالیس 41 روز تک بلاناغہ فجر کی نماز کے بعد پیتے رہیں۔ پانی ختم ہونے لگے تو صاف سُتھرا پانی بوتل کے بچے ہوئے پانی میں ملاتے رہیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

6. بوتل کے پانی میں دم کرتے وقت "آیاتِ شفاء" کا صرف عربی متن پڑھا جائے۔ ترجمہ ہم نے اس لئے

لکھ دیا ہے کہ مریض کو پتہ چلے کہ کس آیت کے کیا
معنیٰ ہیں تاکہ اس کے دل کو تسلی ہو۔

7. اس طرح اگر بیماری اور بھی زیادہ شدید ہو تو کسی عالم
یا کسی نیک صالح پڑھے لکھے آدمی سے بٹر پیپر
کے اکتالیس[41] کاغذ پر "آیاتِ شفاء" کو زعفران
سے لکھوا کر اپنے پاس رکھ لیں۔ یہ کام مشکل ضرور
ہے لیکن اس کے اثرات الحمدُللہ بہت ہی
قوی ہوتے ہیں۔ پھر ہر روز فجر کی نماز کے
بعد ایک گلاس میں صاف ستھرا پانی لے کر اس میں
تھوڑا سا خالص شہد اور زمزم ملا لیں۔ پھر بٹر پیپر

کے اکتالیس[41] کاغذ میں سے ایک کاغذ لے کر پانی میں
اس طرح گھولیں کہ زعفران سے لکھی آیات پانی میں
گھل جائیں اور کاغذ کو نکال کر کسی پاک جگہ میں رکھ
دیں یا دفن کر دیں۔ پھر اس گلاس کے پانی کو قبلہ
رُخ کھڑے ہو کر پی لیں۔ اس طرح اکتالیس[41] روز کریں۔
انشاء اللہ شفاء کاملہ عاجلہ مستقلہ نصیب ہوگی۔

8. ان "آیاتِ شفاء" کے پڑھنے اور پڑھانے والے
ہر ایک کو تاکید کی جاتی ہے کہ اس نسخۂ شفاء کو
پیٹ بھرنے کا ذریعہ نہ بنائیں۔ خلوص وللّٰہیت و
رضائے الٰہی کے تحت اللہ پر یقین رکھتے

ہوئے اس کا استعمال کرایا جائے یا کیا جائے۔

9 بہتر تو یہ ہے کہ مریض خود پڑھے اور خود ہی دم کر لے۔ اگر اسے لکھنا پڑھنا نہ آتا ہو تو کسی عالم یا کسی نیک صالح آدمی سے پڑھوائے اور دم کرالے۔

10 بطورِ تعویذ اِن "آیاتِ شفاء" کو لکھوا کر گلے میں لٹکانے کو سختی سے منع کرتا ہوں۔

11 ہر مسلمان مرد و عورت اِن "آیاتِ شفاء" کو یاد کرلے تو بہتر ہوگا تاکہ اچانک ضرورت پڑنے پر دُعاء کو استعمال کرنے میں کسی کا محتاج نہ رہنا پڑے۔ چھوٹی چھوٹی بیماریاں گھروں میں اکثر لاحق ہوتی رہتی

ہیں ایسے موقع پر کوئی بھی پاک صاف مرد و عورت مریض پر اِن "آیاتِ شفاء" کو پڑھ کر دم کر دے تب بھی انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔

12. البتہ حائضہ عورت جب تک پاک نہ ہو پڑھ کر کسی پر دم نہ کرے، ہاں پاکی حاصل ہوئے پر اجازت ہے۔

13. مریضہ اگر کوئی عورت ہو، اور ایامِ حیض میں ہو تو ایسی مریضہ پر اس کا شوہر یا بھائی، یا کوئی حیض سے پاک عورت دم کرے تو کچھ حرج نہیں۔

مُحتاجِ دُعا:۔ عبدُالکریم پاریکھ، ناگپور۔ 8. انڈیا

★ ہو سکے تو یہ دُعا یاد کر لیں اور ہر روز جتنی بار چاہیں پڑھ لیں۔

دُعائے ابراہیم علیہ السلام

اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ ﴿78﴾
سُن لو! جس نے مجھے پیدا فرمایا ہے ہدایت کی راہ بھی مجھ کو وہی بتائے گا۔
وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ﴿79﴾
وہی مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا بھی وہی ہے
وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ﴿80﴾
اور جب میں بیمار پڑوں تو اسی کے شفا عطا فرمانے سے مجھے تندرستی حاصل ہو سکتی ہے
وَالَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ ثُمَّ یُحْیِیْنِ ﴿81﴾
مجھے موت بھی اسی نے دینی ہے اور پھر زندہ بھی مجھ کو وہی کرے گا

وَالَّذِیْٓ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ ﴿82﴾
میں نے تو اللہ سے آس لگا رکھی ہے کہ انصاف کے دن میری بھول چوک کو وہی معاف کریگا
رَبِّ هَبْ لِیْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿83﴾
اے میرے پروردگار مجھے دانشمندی اور دانائی عطا فرما اور مجھ کو نیک لوگوں کے ساتھ شامل فرما لے
وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿84﴾
اور آئندہ آنیوالے لوگوں میں بھی میری دعوت کا چرچا صداقت کی بنیاد پر جاری فرما
وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ﴿85﴾
اور مجھ کو نعمت والی جنت کا وارث بنا دے
(26 - اَلشُّعَرَآء آیت نمبر 78 تا 85)

تمت بالخیر

نوٹ :- دو باتوں پر دھیان دیجئے

1۔ دَوا کرنا سنّت ہے اور دُعا کرنا بھی سنّت ہے "آیاتِ شفاء" جو ہم نے اس کتابچہ میں درج کی ہیں۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ کوئی مریض دوا کرنا بند کر دے بلکہ دُعا اور دوا دونوں جاری رکھیں البتہ قرآنی دُعا مرتبے میں دوا سے بڑھ کر ہے۔ دوا میں تاثیر اللہ ہی پیدا فرماتے ہیں اور دُعا بھی اللہ کے چاہنے سے قبول ہوتی ہے۔

اسی لئے پیغمبروں کی تعلیم میں یہ بتایا گیا ہے۔ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ﴿39﴾ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿40﴾ 14۔ ابراہیم آیت 39، 40

ترجمہ: بے شک میرا رب دُعا اور پکار کا سُننے والا ہے۔ اے میرے پروردگار مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم رکھنے والا بنا دے۔ اے ہمارے رب ہماری دُعا قبول فرما۔

2۔ "دُعائے شفاء" کا فائدہ اللہ کے چاہنے سے ہر اس شخص کو ہوگا جو شرک سے پرہیز کرے گا۔

